احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 19 نومبر 2008ء

روزنامہ الفضل
ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 19 نومبر 2008ء 20 ذیقعد 1429 ہجری 19 نبوت 1387 ھش جلد 58-93 نمبر 26

عظیم انسان

رسول اللہؐ کے پیدا کردہ انقلاب کا ذکر کرتے ہوئے لامارٹن لکھتے ہیں:۔
عالم الٰہیات، فصاحت وبلاغت میں یکتائے روزگار، رسول، آئین وقانون ساز، شارع، سپہ سالار، فاتح اصول ونظریات، معقول، عقائد کو جلا بخشنے والا ہے، بلاتصویر مذہب کے مبلغ، بیسیوں علاقائی سلطنتوں کے معمار، دینی روحانی حکومت کے موسس، یہ ہیں محمد رسول اللہ......(جن کے سامنے پوری انسانیت کی عظمتیں ہیچ ہیں) اور انسانی عظمت کے ہر پیمانے کو سامنے رکھ کر ہم پوچھ سکتے ہیں، ہے کوئی جو اُن سے زیادہ بڑا، اُن سے بڑھ کر عظیم ہو؟
(Lamartine, Histoire deca Turquie Pairis 1854 جلد 2 ص 276,277)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

وہ جو عرؔب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گزرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہو گئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں یک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا۔ کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس امی بیکس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں.........اور میں اپنے ذاتی تجربہ سے بھی دیکھ رہا ہوں کہ دعاؤں کی تاثیر آب وآتش کی تاثیر سے بڑھ کر ہے بلکہ اسباب طبعیہ کے سلسلہ میں کوئی چیز ایسی عظیم التاثیر نہیں جیسی کہ دعا ہے۔

اور اگر یہ شبہ ہو کہ بعض دعائیں خطا جاتی ہیں اور ان کا کچھ اثر معلوم نہیں ہوتا تو میں کہتا ہوں کہ یہی حال دواؤں کا بھی ہے۔ کیا دواؤں نے موت کا دروازہ بند کر دیا ہے یا ان کا خطا جانا غیر ممکن ہے؟ مگر کیا باوجود اس بات کے کوئی ان کی تاثیر سے انکار کر سکتا ہے؟ یہ سچ ہے کہ ہر ایک امر پر تقدیر محیط ہو رہی ہے مگر تقدیر نے علوم کو ضائع اور بے حرمت نہیں کیا اور نہ اسباب کو بے اعتبار کر کے دکھلایا بلکہ اگر غور کر کے دیکھو تو یہ جسمانی اور روحانی اسباب بھی تقدیر سے باہر نہیں ہیں۔ مثلاً اگر ایک بیمار کی تقدیر نیک ہو۔ تو اسباب تقدیر علاج پورے طور پر میسر آ جاتے ہیں اور جسم کی حالت بھی ایسی درجہ پر ہوتی ہے کہ وہ ان سے نفع اٹھانے کے لئے مستعد ہوتا ہے تب دوا نشانہ کی طرح جا کر اثر کرتی ہے۔ یہی قاعدہ دعا کا بھی ہے۔ یعنی دعا کے لئے بھی تمام اسباب وشرائط قبولیت اسی جگہ جمع ہوتے ہیں جہاں ارادۂ الٰہی اس کے قبول کرنے کا ہے۔ خدا تعالیٰ نے اپنے نظام جسمانی اور روحانی کو ایک ہی سلسلہ مؤثرات اور متاثرات میں باندھ رکھا ہے۔

(برکات الدعا، روحانی خزائن جلد 6 ص 10 تا 12)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ

تمام احباب جماعت کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 28 نومبر 2008ء سے تا اطلاع ثانی حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر 12:45 پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ براہ مہربانی تمام احباب اس سے استفادہ کریں۔ (نظارت اشاعت)

علمی سیمینار

ادارہ نور العین میں مورخہ 20 نومبر 2008ء کو بعد نماز عصر محترمہ نبیلہ امۃ النصیر صاحبہ ماہر غذا کی طرف سے مستورات کے لئے ایک سیمینار "عورتوں کی صحت میں غذا کا اہم کردار" کے عنوان سے منعقد ہو رہا ہے جو مستورات شرکت کی خواہش رکھتی ہوں وہ نور العین بلڈ بینک کی ریسیپشن سے اپنا دعوت نامہ حاصل کر لیں۔ (معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

گاڑی برائے فروخت

ایک عدد گاڑی Toyota Corolla 2.OD ڈیزل ماڈل 2002ء سفید رنگ اچھی حالت میں جماعتی ادارہ کے زیر استعمال فروخت کرنا مقصود ہے۔ خواہشمند احباب حسب ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔
0333-6713023 (مظفر احمد قمر)

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ (مینیجر الفضل)

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ''وقفِ زندگی''

برائے مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان 2008-09ء

قواعد، ذیلی عناوین وامدادی کتب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے مجلس انصاراللہ پاکستان ہر سال انصار، خدام، لجنہ، ناصرات اور اطفال کے مابین مقابلہ مقالہ نویسی منعقد کیا کرے گی۔

سال 2008-09ء کے لئے مقابلہ مقالہ نویسی کے عناوین ذیلی عناوین، قواعد اور امدادی کتب پر مشتمل تفصیلات ہر تنظیم کے لئے الگ الگ تیار کی گئی ہیں۔جو باری باری شائع کی جارہی ہیں۔

(ڈاکٹر عبدالخالق خالد۔قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

قواعد:

☆عنوان مقالہ ''وقفِ زندگی''

☆مقالہ کے الفاظ 60ہزار سے کم اور ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد نہ ہوں۔ایسے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے جن کے الفاظ کی تعداد 60ہزار سے کم اور ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد ہوگی۔

☆مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے ٹائٹل صفحہ پر نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنفین، کتاب کا نام، ایڈیشن، مطبع، سنِ اشاعت، جلد وصفحہ نمبر درج کیا جائے۔اور حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور سے تحریر کیا جائے۔

☆کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔مقالہ کے دائیں طرف حاشیہ ضرور چھوڑیں۔

☆مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 31اگست 2009ء ہے۔مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے۔

☆مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان، اپنا مکمل نام بمعہ ولدیت، مکمل پوسٹل ایڈریس بمعہ فون نمبرز، اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆اس مقابلہ میں مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے اراکین شریک ہوں گے۔

☆مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے اراکین اپنے مقالہ جات براہ راست قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان (ربوہ) کو بھجوائیں گے۔

☆مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کے لئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جا رہی ہے۔تاہم مقالہ نویس ان کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں نیز اگر چاہیں تو وہ مزید ذیلی عناوین بھی بنا سکتے ہیں۔تاہم مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی طرف سے دیئے گئے عناوین کے تحت لکھنا ضروری ہوگا۔

☆مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں۔مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆مقالہ نویس اراکین کے لئے تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔

انعامات:

اوّل سیٹ روحانی خزائن + سند امتیاز + 25ہزار روپے نقد

دوم سیٹ تفسیر کبیر + سند امتیاز + 15ہزار روپے نقد

سوم سیٹ انوار العلوم + سند امتیاز + 10ہزار روپے نقد

ان تین انعامات کے علاوہ دس انعامات حُسن کارکردگی کی بناء پر اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامی کتب اور سند امتیاز کی صورت میں دیئے جائیں گے۔اس کے علاوہ مقابلہ میں شرکت کرنے والوں کو سند شرکت بھی دی جائے گی۔

ذیلی عناوین:

1-وقفِ زندگی کے معنی۔اصطلاحی مفہوم اور اقسام

2-وقفِ زندگی قرآن کریم کی روشنی میں۔اہمیت وضرورت

3-وقفِ زندگی کی اہمیت احادیث کی روشنی میں

4-اسلام کے دور اوّل میں صحابہ کا بے مثال وقف

5-وقفِ زندگی اور خلفاء راشدین

6-دورِ آخرین میں وقف کی اہمیت اور ضرورت

7-وقفِ زندگی اور حضرت مسیح موعود کے مبارک ارشادات اور آپ کا ذاتی نمونہ اور واقفین کو نصائح

8-رُفقاءِ حضرت مسیح موعود کی وقف کی روح کے نمونے

9-خلافت اولیٰ کا دور خلافت اور وقف زندگی کی تحریک

10-خلافت ثانیہ کا دورِ خلافت اور وقفِ زندگی کی تحریکات

11-خلافت ثالثہ کے زمانہ میں وقفِ زندگی کی تحریکات

12-خلافت رابعہ کے زمانہ میں وقفِ زندگی کی تحریکات۔تحریک وقفِ نو

13-خلافت خامسہ کے زمانہ میں وقفِ زندگی کی تحریک اور واقفین کو نصائح

14-وقفِ زندگی اور جامعہ احمدیہ

15-بیرونِ ممالک میں وقفِ زندگی اور واقفین زندگی کا اخلاص

16-وقفِ زندگی کے ثمرات، برکات اور جماعتی ترقیات

17-وقفِ زندگی کے تقاضے اور ذمہ داریاں

18-واقفین زندگی کے ایمان افروز واقعات

19-واقفین زندگی اور ان کے اہلِ خانہ کی قربانیاں اور اخلاص

20-ابتدائی واقفین زندگی کے متعلق خلفاء احمدیت کے ارشادات

21-جماعت احمدیہ میں معاہدہ وقفِ زندگی۔قربانی کا اعلیٰ نمونہ

امدادی کتب:

قرآن مجید۔کتب احادیث۔(بخاری۔مسلم۔ترمذی۔سنن ابن ماجہ)

1-تفسیر حضرت مسیح موعود مکمل

2-تفسیر کبیر مکمل۔حضرت مصلح موعود

3-حقائق الفرقان۔حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل

4-کتب لغت۔ (المنجد۔لسان العرب۔مفردات امام راغب) اردو جامع انسائیکلوپیڈیا از مولانا حامد علی خان صاحب

5-کتب حضرت مسیح موعود۔(روحانی خزائن مکمل۔ملفوظات جلد 1 تا 5۔مجموعہ اشتہارات)

6-انوار العلوم۔از حضرت مصلح موعود

7-خطبات محمود

8-سیر روحانی (جلد 1 تا 3)

9-خطبات ناصر

10-خطبات طاہر

11-خطاباتِ طاہر (قبل از خلافت، تقاریر جلسہ سالانہ)

12-ایک مردِ خدا

13-خطبات مسرور

کتب علماء سلسلہ:

14-ذکر حبیب۔مولفہ حضرت مفتی محمد صادق صاحب

15-حیاتِ قدسی۔مولفہ حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی

16-حیاتِ نور۔مولفہ شیخ عبد القادر صاحب سوداگرمل

17-سوانح فضلِ عمر۔شائع کردہ فضلِ عمر فاؤنڈیشن

18-جماعتِ احمدیہ کی (دینی) خدمات از چوہدری فتح محمد سیال صاحب

19-حیاتِ ناصر۔مولفہ انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

20-مشعلِ راہ۔جلد اوّل تا پنجم۔شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

21-(دعوت الی اللہ کے) میدان میں تائید الٰہی کے ایمان افروز واقعات۔ ازمولانا عطاء المجیب صاحب راشد

22-سیرت حضرت چوہدری فتح محمد سیال صاحب۔ از: امۃ الشافی سیال صاحبہ، صفدر نذیر صاحب گولیکی

23-میری کہانی۔خودنوشت ماسٹر محمد شفیع اسلم صاحب

24-حیاتِ الیاس۔سوانح عبدالسلام خان صاحب

25-آپ بیتی مجاہد بخارا وروس۔حضرت مولانا ظہور حسین صاحب

26-مطالبات تحریک جدید۔شائع کردہ تحریک جدید پاکستان

27-تاریخ احمدیت۔جلد 1 تا 19

28-حیاتِ بشیر۔مولفہ شیخ عبدالقادر صاحب سوداگرمل

29-روح پرور یادیں۔مولفہ مولانا محمد صدیق امرتسری صاحب

30-(رفقاء) احمد۔(تمام جلدیں)

31-حیاتِ بقاپوری۔

32-سیرت وسوانح ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب۔مُرتبہ مکرم حنیف احمد محمود صاحب

33-سیرت وسوانح سیّد محمود اللہ شاہ صاحب۔مُرتبہ مکرم احمد طاہر مرزا صاحب

34-سیرت وسوانح زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب۔مُرتبہ مکرم احمد طاہر مرزا صاحب

35-سیرت وسوانح صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب۔شائع کردہ خدام الاحمدیہ پاکستان

36-سیرت وسوانح مرزا شریف احمد صاحب۔مُرتبہ عبدالعزیز صاحب واقفِ زندگی

37-تحدیثِ نعمت۔حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب

38-حیات خالد۔(سیرت وسوانح حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری) از: سید یوسف سہیل شوق صاحب

39-وقفِ زندگی کی اہمیت اور برکات۔مولفہ ڈاکٹر افتخار احمد صاحب ایاز

40-خلفاء احمدیت کی تحریکات اور ان کے شیریں ثمرات۔ از: عبدالسمیع خان صاحب

41-روس میں انقلابات۔ از: مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب

42-ایازِ محمود۔از: کریم احمد نعیم صاحب

43-سیرت داؤد۔پیشکش جامعہ احمدیہ ربوہ

44-کیفیات زندگی، از: شیخ مبارک احمد صاحب

رسائل:

الفرقان، انصاراللہ، خالد، مصباح، تحریک جدید

اخبارات:

الحکم۔البدر۔روزنامہ الفضل۔الفضل انٹرنیشنل

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت شیخ اللہ بخش صاحب آف بنوں

"اے ارحم الراحمین و وہاب خدا! جس طرح تو نے (حضرت) ابراہام کی بڑھاپے میں آواز سنی اور اس کو اولاد دی میری فریاد بھی سن اور اولاد نرینہ عطا فرما۔" بڑی عاجزی اور التجا کے ساتھ بنوں صوبہ سرحد کا ایک شخص مسمی مراد بخش اپنے رب سے یہ دعا مانگتا تھا، اس سمیع الدعا خدا نے اس کی گریہ وزاری کو سنا اور اس کے حق میں قبولیت کا فیصلہ صادر فرمایا جس کے بعد ایک بچے نے جنم لیا جس کا نام "اللہ بخش" رکھا گیا۔ باپ تو شاید اس کی پیدائش کے بعد شکر کر کے خاموش ہو گیا ہو لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے حق میں ایک نئی روحانی پیدائش یعنی قبول احمدیت کی سعادت بھی لکھ چھوڑی تھی۔

حضرت شیخ اللہ بخش صاحب ولد شیخ مراد بخش صاحب قوم ٹھاکر بنوں صوبہ سرحد کے رہنے والے تھے تقریباً 1883ء میں پیدا ہوئے آپ اپنے والد صاحب کی دوسری اولاد تھے جو پہلے بیٹے کے بارہ سال سے بھی زائد عرصہ کے بعد پیدا ہوئے۔ تعلیم حاصل کرنے کے بعد محکمہ اکسائز میں انسپکٹر متعین ہوئے، نوجوانی کی عمر میں عیسائیت کے مطالعہ سے دین حق کے بارے میں شبہات میں گھر گئے لیکن خدائے رحیم و کریم نے جلد ہی آپ کی ہدایت کے سامان پیدا فرمائے اور حضرت مسیح موعود کے دعاوی آپ تک پہنچے اور آپ وابستہ احمدیت ہو گئے۔ 1938ء میں اپنے احمدیت کے سفر کی روداد بیان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:

"بچپن میں مجھے کوئی مذہبی تعلیم نہیں دی گئی اور چھوٹی ہی عمر میں سکول میں داخل کر دیا گیا تھا لیکن جب انٹرنس میں پہنچا اور اس وقت میں اپنی عمر کے ستارھویں سال میں تھا تو قدرتاً میرے دل میں تحریک پیدا ہوئی کہ اپنے مذہب کے متعلق واقفیت حاصل کروں چنانچہ میں نے ایک ملاں سے قرآن شریف پڑھنے کے بعد خود بخود مترجم قرآن شریف کا مطالعہ شروع کیا اسی دوران میں نہ معلوم کس طرح کسی عیسائی کی ایک کتاب جس میں کسی مصری مولوی کے ساتھ مباحثہ کی صورت میں اعتراضات و جوابات درج تھے وہ میری نظر سے گزری جس کے پڑھنے سے مجھے سخت دکھ ہوا اور دل میں طرح طرح کے وساوس پیدا ہوئے مگر کچھ شرم اور کچھ اپنی بیوقوفی کے باعث اس کا ذکر نہ ہی اپنے والد صاحب کے ساتھ کر سکا اور نہ ہی کسی مولوی کے ساتھ اور اس خلش کو دل ہی دل میں لئے رہا یہاں تک کہ 1905ء کے آخری مہینوں میں جب میں وانون میں ملازم تھا مجھے ڈاکٹر علم الدین صاحب گجراتی سے بدر اخبار کے کچھ پرچے دیکھنے اور حضرت مسیح کی وفات کے دلائل سننے کا اتفاق ہوا اور جونہی مسیح کی وفات مجھ پر ثابت ہوگئی میں نے خدا کا شکر کیا اور بغیر کسی مزید توقف کے فوراً حضرت مسیح موعود کی خدمت میں بیعت کا خط لکھ دیا۔ اس کا علم ہونے پر والد صاحب نے کچھ ناراضگی وافسوس کا خط لکھا جس پر ان کو اُن کی وہ دعا یاد کرائی گئی جو انھوں نے میری پیدائش سے پہلے کی تھی اور جس کا ذکر وہ چند بار گھر میں اس طرح کر چکے تھے کہ جب پہلے بچے کی پیدائش کے بعد 12 سال تک ہمارے ہاں کوئی بچہ پیدا نہ ہوا تو ہم نے خدا تعالیٰ کے حضور بڑی خشوع وخضوع کے ساتھ ان الفاظ میں دعا کی کہ "اے ارحم الراحمین و وہاب خدا! جس طرح تو نے (حضرت) ابراہام کی بڑھاپے میں آواز سنی اور اس کو اولاد دی میری فریاد بھی سن اور اولاد نرینہ عطا فرما" چنانچہ وہ دعا قبول ہوئی اور تمہاری پیدائش ہوئی۔ میں نے اس دعا کو یاد کراتے ہوئے لکھا کہ آپ کی دعا کی حقیقی قبولیت اب ہوئی ہے جب کہ خدا نے اپنے فضل سے مجھے ہلاکت کے گڑھے سے نجات بخش کر اپنے مامور کی غلامی کا شرف بخشا۔

غالباً 1906ء کے اپریل میں میری تبدیلی وانون سے اپنے وطن مالوف بنوں میں ہوئی اور اپنی نوکری پر حاضر ہونے سے قبل میں نے قادیان شریف میں حاضر ہو کر بیت مبارک میں حضور کے دست مبارک پر بیعت کی۔

بیعت کے وقت کا نقشہ اور اپنے دل کی کیفیت مختصر الفاظ میں اس طرح پیش کرتا ہوں کہ ایک آزاد خیال والا مذہب نوجوان اپنے نفس امارہ کی تمام امنگوں اور سرکشیوں کے خلاف جنگ پر آمادہ ہو کر مامور وقت کے دروازہ پر استمداد کے واسطہ حاضر ہے اور اس کے انتظار میں اُس کی آنکھیں بے قرار ایک چھوٹی سی کھڑکی پر پیوست ہیں، (بیت الذکر) میں بہت تھوڑے آدمی ہیں اور سب مؤدب اسی پاک ہستی کی انتظار میں خاموش ہیں کہ اتنے میں اُسی کھڑکی میں سے ایک مقدس، وجیہہ اور پُر شوکت وجلال پیر مرد (بیت) میں داخل ہوتا ہے اور اُدھر اس نوجوان پر لرزہ طاری ہو کر آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی جاری ہو جاتی ہے لیکن اب تک یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ کیوں؟ صرف اس قدر ہوش ہے کہ حضور کا اس کھڑکی سے ورود بعینہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ بدر کامل اندھیری رات میں نمودار ہو گیا جس سے سب تاریکی دور ہو گئی اور حاضرین کے چہروں پر انبساط کی لہریں دوڑنے لگیں، اُس موقعہ پر اکبر شاہ خان نے اپنے کچھ شعر بھی حضور کی تعریف میں سنائے جن کو حضور نے پسند فرمایا تھا۔

بیعت کے بعد دوسرے دن میں واپس ہو گیا کیونکہ حاضری کے دن تھوڑے تھے پھر 1907ء کے موسم گرما میں جب والد صاحب امرتسر آئے اور بیمار تھے تو اُن کو قادیان لایا اور حضور کے ساتھ تعارف کرا کر اُن کی صحت کے واسطے عرض کی گئی، یہ بھی کوشش تھی کہ وہ بیعت کر لیں گے لیکن افسوس کہ والد صاحب بزرگوار اس نعمت سے محروم رہے، حضور نے دعا فرمائی اور مولوی صاحب (حضرت خلیفۃ المسیح الاول) سے نسخہ لینے کی بھی ہدایت فرمائی چنانچہ نسخہ لینے کے بعد ہم واپس امرتسر چلے گئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے بھی والد صاحب کو تسلی دینے کی غرض سے اپنے بچوں کی فوتیدگی کے حالات سنائے لیکن چونکہ والد صاحب کا دل اپنی لمبی بیماریوں کے باعث ہی بہت کمزور ہو چکا تھا اُن کے آنسو جاری رہے اُن کو میرے پہلے بچے کی مرگ کا سخت صدمہ تھا۔ افسوس کہ مجھے حضرت جری اللہ کا دیکھنا پھر نصیب نہ ہوا اور مجھ پر وہ دن سخت تلخ تھا جب کہ حضور کے وصال کی خبر بدر (اخبار) کے ذریعہ مجھے بنوں میں پہنچی۔

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدم و بہار آخر شد

(رجسٹر روایات رفقاء نمبر 5 صفحہ 94-96)

حضرت اقدس مسیح موعود کی وفات کے بعد آپ خلافت حقہ کے ساتھ وابستہ رہے۔ 1936ء میں ملازمت سے ریٹائر ہونے کے بعد ہجرت کر کے قادیان آگئے اور محلّہ دارالرحمت میں سکونت پذیر ہوئے، قادیان میں اپنے آپ کو فارغ نہ رکھا بلکہ اپنے اوقات جماعتی کاموں میں صرف کرتے۔ تقسیم ملک کے بعد آپ پھر اپنے آبائی شہر بنوں چلے گئے اور وہیں مورخہ 22 دسمبر 1956ء کو بعمر 73 سال وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے، آپ اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے وصیت نمبر 8182 تھا۔ آپ کی وفات پر آپ کے برادر نسبتی نے لکھا:

"....شیخ صاحب احمدیت کا ایک عملی نمونہ تھے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور خاندان حضرت مسیح موعود سے انہیں از حد محبت تھی اور نظام سلسلہ کا احترام اس قدر تھا کہ وہ اس کے خلاف کوئی بات برداشت نہ کر سکتے تھے، (دعوت) احمدیت کا جذبہ بھی ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا، مہمان نوازی کے لیے گو اہل سرحد پہلے ہی مشہور ہیں مگر اس کار خیر میں وہ اپنی نظیر آپ تھے، بنوں ایک ایسی جگہ پر واقع ہے جہاں سال کے بارہ مہینے افغانستان کے علاقہ خوست کے احمدی احباب آتے جاتے رہتے تھے اور خاندان شہید مرحوم کے معزز ممبران صحرائے نورنگ سے اور ملازم پیشہ احباب ہندوستان کے مختلف صوبوں سے ....آتے تھے وہ سب کے سب شیخ صاحب کے ہاں فروکش ہوتے تھے وہ ان کی رہائش کا انتظام کرتے بلکہ ان کی خوراک اور ہر قسم کے آرام کا بے حد خیال رکھتے تھے گویا ان کا مکان بنوں میں سلسلہ کا ایک مرکز تھا جہاں (مربیان) اور احمدی حضرات نہایت ہی آرام پاتے تھے۔

1944ء کی بات ہے کہ جناب خان صاحب نعمت اللہ خان صاحب برج انسپکٹر بمقام میدک ایک پل بنانے کے سلسلہ میں تشریف لائے ہوئے تھے ایک احمدی دوست نے ان کو ایک پمفلٹ دیا جس سے ان کی توجہ احمدیت کی طرف مبذول ہوگئی مزید تحقیق کے لیے جناب خان صاحب موصوف دو تین ماہ تک بمعہ تین چار احباب کے ہر ہفتہ کو تشریف لاتے رہے اور تبادلہ خیالات ہوتا رہا بالآخر خان صاحب موصوف نے بمعہ تین احباب بنوں میں ہی بیعت کر لی۔

شیخ اللہ بخش صاحب احمدیت کی شمع کا ایک پروانہ تھے، آپ کی پہلی اہلیہ کے ہاں اولاد نہ ہوتی تھی 1919ء میں میری ہمشیرہ سے ان کا نکاح ہوا اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے کہ نکاح ہونے کے بعد پہلی اہلیہ سے ہی تین بچے پیدا ہوئے....''

(الفضل 22 جنوری 1957ء صفحہ 5)

انفاق کی برکات

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا میں تمہیں ایک ایسی تجارت پر مطلع کروں جو تمہیں ایک دردناک عذاب سے نجات دے گی؟

تم (جو) اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہو اور اللہ کے راستے میں اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہو، یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔

وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے دامن میں نہریں بہتی ہیں اور ایسے پاکیزہ گھروں میں بھی جو ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں ہیں۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

(الصف: 11 تا 13)

یقیناً اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے اموال خرید لئے ہیں تا کہ اس کے بدلہ میں انہیں جنت ملے۔ وہ اللہ کی راہ میں قتال کرتے ہیں پس وہ قتل کرتے ہیں اور قتل کئے جاتے ہیں۔ اس کے ذمہ یہ پختہ وعدہ ہے جو تورات اور انجیل اور قرآن میں (بیان) ہے۔ اور اللہ سے بڑھ کر کون اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہے۔ پس تم اپنے اس سودے پر خوش ہو جاؤ جو تم نے اس کے ساتھ کیا ہے اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

(التوبہ: 111)

(یہ باغات ان کے لئے ہیں) جو صبر کرنے والے ہیں اور سچ بولنے والے ہیں اور فرمانبرداری کرنے والے ہیں اور خرچ کرنے والے ہیں اور صبح کے وقت استغفار کرنے والے ہیں۔

(آل عمران: 18)

اور جو بھی تم مال میں سے خرچ کرو وہ تمہیں بھرپور واپس کر دیا جائے گا اور ہرگز تم سے کوئی زیادتی نہیں کی جائے گی۔ (البقرہ: 273)

مکرم پروفیسر مرزا مبشر احمد صاحب

میٹرک کے بعد ٹیکنیکل کورسز کا تعارف

ہمارا قومی المیہ ہے کہ عملی زندگی کے بارے میں ہمارا رویہ بالعموم غیر سائنسی ہوتا ہے۔ ہم خوابوں کی دنیا میں رہتے ہیں۔ ہمارے فیصلے جذباتی اور غیر حقیقت پسندانہ ہوتے ہیں اور جب ان فیصلوں کے نتائج ہماری توقعات کے برعکس برآمد ہوتے ہیں تو ہم حد درجہ ڈیپریشن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ دیکھا گیا ہے کہ طلبا اور ان کے والدین کی اکثریت کیرئیر کے انتخاب کے وقت طالب علم کی قابلیت اور رجحان طبع کو مدنظر نہیں رکھتے بلکہ خواہ مخواہ گلیمرس کورسز کا انتخاب کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ امر ذہن نشین رہنا چاہئے کہ ہر طالب علم کی استعداد مختلف سطح کی حامل ہوتی ہے۔ ہر طالب علم اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا مزید برآں آرٹس کے مضامین کے لئے ملازمت کے مواقع بہت ہی کم ہوتے ہیں۔

پس ایسے طلبہ جو میٹرک (سائنس) میں اوسط درجے کے نمبر حاصل کرتے ہیں ان کے لئے مشورہ ہے کہ وہ اپنے رجحان طبع کی مناسبت سے انٹرمیڈیٹ کی سطح کی کسی ٹیکنالوجی کا انتخاب کریں۔ یہ کورسز Job Oriented ہوتے ہیں یعنی ان کی کامیاب تکمیل کے بعد سپروائزری ملازمت کا حصول قریباً یقینی ہوتا ہے انٹرمیڈیٹ سطح کے یہ تین سالہ کورسز ڈی۔اے۔ای (یعنی ڈپلومہ ان ایسوسی ایٹ انجینئرنگ) کہلاتے ہیں۔ ایسے ٹیکنالوجی کورسز کے لئے ہر بڑے شہر میں گورنمنٹ کالجز آف ٹیکنالوجی (جی۔سی۔ٹی) گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹس (G.P.I) اور گورنمنٹ انسٹی ٹیوٹس آف ٹیکنالوجی (G.I.T) قائم ہیں جن میں مندرجہ ذیل ٹیکنالوجیز کے کورسز ہوتے ہیں۔

الیکٹرک، الیکٹرونکس، سول، مکینیکل، آرکیٹیکچر، آٹو اینڈ ڈیزل، آٹو اینڈ فارم، ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ، میٹلرجی، انسٹرومنٹیشن، آٹومیشن، فاؤنڈری اینڈ پیٹرن میکنگ، ٹیکسٹائل، ڈائنگ اینڈ پرنٹنگ، ٹیکسٹائل سپننگ، ٹیکسٹائل ویونگ، ٹیکسٹائل فنشنگ، کیمیکل، پیٹروکیمیکل، پیٹرولیم، مائن الیکٹریکل، مائن مکینیکل، مائننگ ٹیکنیشن، کمپیوٹر، کمپیوٹر انفرمیشن، ویلڈنگ اینڈ شیٹ میٹل، گلاس سرامک اینڈ پاٹری ڈیویلپمنٹ، ووڈ ورکنگ، گارمنٹس ڈیزائننگ اینڈ میکنگ، لیدر ٹیکنالوجی، پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس۔

بعض ٹیکنالوجیز ایک یا ایک سے زیادہ اداروں تک محدود ہیں۔ مثلاً صوبہ پنجاب میں کیمیکل ٹیکنالوجی جی۔سی۔ٹی ملتان اور ڈیرہ غازی خاں میں۔ پیٹروکیمیکل جی۔سی۔ٹی ڈی جی خاں میں۔ فوڈ ٹیکنالوجی جی سی ٹی فیصل آباد میں۔ میٹلرجی ٹیکنالوجی SPIT (سویڈش پاکستانی انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی) گجرات اور کے۔آر۔ایل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کہوٹہ میں۔ ٹیکسٹائل جی۔سی۔ٹی ملتان میں۔ ڈائننگ۔ پرنٹنگ۔ ٹیکسٹائل سپننگ و ٹیکسٹائل ویونگ یونیورسٹی کالج آف ٹیکسٹائل انجینئرنگ ملتان میں۔ ٹیکسٹائل فنشنگ شاہدرہ میں۔ گلاس سرامکس و پاٹری ڈیویلپمنٹ شاہدرہ میں۔ انسٹرومنٹیشن جی سی ٹی فیصل آباد، جی آئی ٹی گوجرانوالہ، ایس پی آئی ٹی گجرات اور جی سی ٹی سرگودھا میں، آٹومیشن ٹیکنالوجی ایس پی آئی ٹی گجرات میں، لیدر ٹیکنالوجی لیدر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی گوجرانوالہ میں۔ مائننگ کے کورسز پنجاب سکول آف مائنیز چواسیدن شاہ (چکوال) میں۔ پرنٹنگ ٹیکنالوجی کے لئے جی پی آئی برائے پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس وحدت روڈ لاہور (یہ پنجاب بھر میں اپنی نوعیت کا ایک ادارہ ہے اس میں انٹرمیڈیٹ پاس طلبا کے لئے ایک سالہ الیکٹرانک پرنٹنگ کورس بھی پیش کیا جاتا ہے۔ ڈیزائننگ میں ڈگری کلاسز کا کورس بھی منظور ہو چکا ہے۔ (ایک ایسا ادارہ کراچی میں بھی ہے)

ان ٹیکنالوجیز میں داخلہ کے لئے ریاضی، فزکس، کیمسٹری اور انگریزی میں حاصل کردہ مجموعی نمبروں سے میرٹ بنتا ہے۔ داخلہ بالعموم ڈویژن اور صوبہ کی بنیاد پر دو علیحدہ علیحدہ میرٹ لسٹوں کے ذریعے ہوتا ہے۔ طلباء کو چاہئے کہ متعلقہ ڈویژن میں رہائش کی صورت میں دونوں بنیادوں پر علیحدہ علیحدہ داخلہ فارم پُر کریں۔ چھوٹے شہروں میں میرٹ نسبتاً کم ہوتا ہے۔ ڈی اے ای کو انٹرمیڈیٹ کے مساوی قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ اس کی کامیاب تکمیل کے بعد بی اے ربی ایس سی میں بھی داخلہ لیا جاسکتا ہے۔ چند کالجز آف ٹیکنالوجیز میں بعض ٹیکنالوجیز میں بی ٹیک (بیچلر ان ٹیکنالوجی) کا کورس بھی ہوتا ہے۔ جسے بی ایس سی انجینئرنگ کے مساوی سمجھا جاتا ہے۔ لیکن بی ٹک میں داخلہ ڈی اے ای کے امتحان میں اعلیٰ نمبر حاصل کرنے والوں کو ملتا ہے (بی ٹیک کا امتحان انجینئرنگ یونیورسٹی لیتی ہے) معدودے چند طلبا کو ڈی اے ای کے امتحان میں اعلیٰ ترین نمبر حاصل کرنے کی بنا پر انجینئرنگ یونیورسٹی کے چند مخصوص شعبوں میں بھی داخلہ ملتا ہے۔

طالبات کے لئے بھی اکثر بڑے شہروں میں گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹس قائم ہیں مختلف اداروں میں مندرجہ ذیل مختلف کورسز کروائے جاتے ہیں۔ یہ بھی تین سالہ ڈی اے ای کورسز ہیں۔

الیکٹرانکس، آرکیٹیکچر، کمپیوٹر، کمپیوٹر انفرمیشن، علاوہ ازیں ڈی ڈی ایم (ڈریس میکنگ اینڈ ڈریس ڈیزائننگ)۔ بعض پولی ٹیکنیک فارویمن میں آفس سیکریٹری کا ایک سالہ کورس بھی ہوتا ہے۔

پرائیویٹ سیکٹر میں بھی طلباء اور طالبات کے بہت سے ٹیکنیکل ادارے کھل چکے ہیں۔ مگر ان میں بالعموم سٹاف اور ایکوپمنٹ کی شدید کمی پائی جاتی ہے جبکہ فیس اور فنڈز بہت زیادہ وصول کئے جاتے ہیں۔ اگر سرکاری ادارے میں داخلہ نہ ملے تو متعلقہ پرائیویٹ ادارے کے بارے میں پہلے مکمل معلومات حاصل کرلیں۔ بہتر ہے کہ اس کے سابق طالب علم سے رابطہ کریں۔

ایسے طلبا و طالبات جو میٹرک میں بہت ہی کم نمبر حاصل کرتے ہیں یا فیل ہو جاتے ہیں تو وہ گورنمنٹ ووکیشنل یا ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹس سے ایک سالہ یا دو سالہ ٹریڈ کورسز کر سکتے ہیں۔

ٹیکنیکل کورسز کرنے کے بعد بیرون ملک ملازمت کے حصول میں بھی آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز اپنے ملک میں بھی ورکشاپ کھولی جاسکتی ہے۔

تعارف کتب

یاد ایام۔ایک واقف زندگی کی سرگذشت

نام کتاب: یاد ایام
مصنف: مکرم میر غلام احمد نسیم صاحب
سابق پروفیسر جامعہ احمدیہ ربوہ
اشاعت: دسمبر 2007ء
مطبوعہ: لاہور آرٹ پریس
صفحات: 187

مکرم میر غلام احمد نسیم صاحب 1931ء میں پیدا ہوئے 1947ء میں اپنی زندگی وقف کی اور 1957ء میں جامعہ احمدیہ سے شاہد کی ڈگری حاصل کی ساتھ ساتھ دوسری تعلیم بھی جاری رکھی۔ 1965ء میں پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے عربی کی سند بھی حاصل کی۔ مصنف نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی اس نصیحت پر عمل کیا ہے۔ جس میں حضور نے فرمایا تھا "اپنے اپنے خاندانوں کی تاریخ زندہ رکھیں اور اپنے خاندانوں کی تاریخ احمدیت سے شروع کریں"۔

چنانچہ آپ نے اس کتاب میں اپنے خاندان میں احمدیت کے داخل ہونے اور پھر اس کی برکات سے مستفیض ہونے کے واقعات قلمبند کئے ہیں۔ آپ نے لمبا عرصہ بطور مربی سلسلہ افریقہ و جنوبی امریکہ کے بعض ممالک میں اور جامعہ احمدیہ ربوہ میں خدمات دینیہ کی توفیق پائی۔ آج کل امریکہ میں اپنے بچوں کے پاس ریٹائرمنٹ کی زندگی گزار رہے ہیں۔ اسی دوران مختلف اخبارات اور جرائد و رسائل میں مختلف موضوعات پر قلم اٹھاتے رہے ہیں۔ اس کتاب کے علاوہ بھی دو کتب "قاموس الرؤیا" اور "تصوف یعنی روحانی سائنس" کے مؤلف ہیں۔ آپ کو خلافت ثالثہ کے انتخاب کے موقع پر انتخاب خلافت کمیٹی کے رکن بننے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔

مؤلف نے اس کتاب میں اپنے خاندان پر نازل ہونے والے انعامات و برکات کا ذکر کیا ہے۔ کہ کس طرح نامساعد حالات میں بھی خدا نے صرف اور صرف خلافت کی برکت سے احمدی خاندانوں کے شیرازہ کو نہ صرف بکھرنے نہ دیا بلکہ اپنی رحمت بارش کی طرح برسائی کہ فرد کو خاندانوں اور خاندانوں کو قوموں میں بدل دیا۔

آپ نے اس کتاب کو 7 ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے باب میں اپنے والد محترم میر صلاح محمد صاحب کے احمدی ہونے کے حالات بیان کئے ہیں۔ آپ کے والد نے احمدیت کو حضرت مسیح موعود کی زندگی میں ہی بذریعہ خط قبول کر لیا تھا۔ لیکن حالات کی مجبوری کی وجہ سے آپ حضرت مسیح موعود کی زیارت و ملاقات سے محروم رہے۔ انہوں نے حالات کی سختی کو تو برداشت کیا مگر احمدیت سے انحراف نہ کیا۔ 1947ء میں انہوں نے وفات پائی اس باب میں اپنی والدہ صاحبہ کا ذکر بھی کیا ہے۔ انہوں نے غیر معمولی لمبی عمر پائی اور 1991ء میں وفات پائی۔ والدین موصیان تھے۔ دوسرے باب میں مؤلف نے اپنے حالات یعنی ابتدائی تعلیم، پھر قادیان میں تعلیم، وقف زندگی کرنے اور جامعہ احمدیہ میں داخلہ اور شاہد کی سند کے حاصل کرنے تک کے واقعات درج کئے ہیں۔

تیسرے چوتھے اور پانچویں باب میں سیرالیون، گی آنا، سورینام اور زیمبیا میں تقرری اور جامعہ احمدیہ میں تدریس کے دوران کے حالات و واقعات کا تذکرہ کیا ہے۔ باب ششم میں اپنے امریکہ شفٹ ہونے اور وہاں سے یورپ کے بعض ممالک کی سیاحت خاص طور پر برطانیہ جلسہ سالانہ میں شرکت کے حالات درج کئے ہیں۔ آخری باب میں اپنے اساتذہ، سینئر مربیان و واقفین زندگی اور ساتھ کام کرنے والے خدام احمدیت کا ذکر کیا ہے۔

مؤلف نے آئندہ نسل کے لئے بہت اچھی معلومات پر مبنی کتاب تحریر کی ہے۔ خدا تعالیٰ قبول فرمائے اور دین و دنیا کی حسنات سے نوازے اور ان کی نسل کو بھی احمدیت کے وقار کو قائم رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

جماعت احمدیہ سیرالیون کا 47واں جلسہ سالانہ

رپورٹ: مکرم رضوان احمد افضل صاحب

محض خداتعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ جماعت احمدیہ سیرالیون کو احمدیہ سیکنڈری سکول BO میں 8 تا 10 فروری 2008ء کو اپنا 47واں جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

تیاری جلسہ سالانہ

جماعتی سال کے آغاز میں ہی حضور انور ایدہ اللہ کی خدمت میں جلسہ سالانہ کی تاریخوں اور افسر جلسہ سالانہ کے نام کی منظوری کے لئے لکھا گیا۔ حضور انور ایدہ اللہ کی ازراہ شفقت منظوری کے بعد کام کا باقاعدہ آغاز کیا۔

امسال بھی صدر مملکت کو جلسہ سالانہ میں شمولیت کی دعوت دی گئی۔ صدر مملکت نے نہایت خوشی سے قبول کی۔ لیکن بعض مصروفیات کی وجہ سے جلسہ میں شمولیت نہ کرسکے۔ انہوں نے جلسہ میں شمولیت کے لئے جنوبی صوبہ کے وزیراعلیٰ کو اپنا نمائندہ مقرر کیا۔

امسال افسر جلسہ سالانہ مکرم ابراہیم جنجوعہ صاحب پرنسپل طاہر احمدیہ سیکنڈری سکول تھے۔ جلسہ کے انتظامات کو احسن رنگ میں انجام دینے کے لئے کام کو 22 شعبہ جات میں تقسیم کیا گیا۔ جلسہ سالانہ کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے محترم مولانا سعید الرحمٰن صاحب امیر سیرالیون نے نگران شعبہ جات کی کئی میٹنگز بلوائیں اور حضور انور ایدہ اللہ کی خدمت میں دعا کے لئے بار بار لکھا۔ احباب جماعت سیرالیون نے بھی نفلی روزوں اور باجماعت نماز تہجد کا اہتمام کیا۔ جلسہ گاہ کی تیاری اور دوسرے انتظامات کے لئے تقریباً ایک ماہ قبل کام کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔

مرکزی مہمان

امسال حضور انور ایدہ اللہ نے ازراہ شفقت مکرم خلیل احمد مبشر صاحب کو مرکزی مہمان کے طور پر سیرالیون بھجوایا تھا۔ آپ نے بطور مربی سلسلہ اور پھر عرصہ 13 سال امیر و مشنری انچارج سیرالیون خدمات کی توفیق پائی۔ آجکل آپ کینیڈا میں بطور مربی سلسلہ خدمات کی توفیق پارہے ہیں۔ جلسہ سالانہ حسب سابق احمدیہ سیکنڈری سکول Bo (بو) کے کمپاؤنڈ میں منعقد ہوا۔ مورخہ 6 فروری کو ہی جلسہ کے مہمان آنا شروع ہوگئے۔ 7 فروری کو جوق در جوق احمدی گاڑیوں پر بینرز اور پوسٹرز لگائے مختلف اطراف سے Bo شہر میں داخل ہونا شروع ہوگئے۔ شہر کی فضا نعرہ ہائے تکبیر سے گونج اٹھی۔ جلسہ کی وجہ سے سارے شہر میں ایک خاص ماحول بنا ہوا تھا۔ گاڑیوں میں سوار مرد و زن بلند آواز سے درود شریف پڑھتے ہوئے اور نعرے لگاتے ہوئے کمپاؤنڈ کی طرف آرہے تھے۔ اس طرز عمل کا شہر کے لوگوں پر بہت اچھا اثر ہوا۔

پہلا دن 8 فروری

پہلا اجلاس

نو بجکر پینتالیس منٹ پر جلسہ کی کارروائی کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ مرکزی مہمان مولانا خلیل احمد مبشر صاحب نے لوائے احمدیت لہرایا جبکہ نائب امیر اول ڈاکٹر ادریس بنگورہ صاحب نے سیرالیون کا جھنڈا لہرایا۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم پڑھی گئی۔

چند لمحوں کے بعد صدر مملکت کے نمائندہ وزیراعلیٰ جنوبی صوبہ پہنچ گئے۔ ان کے ہمراہ بعض دوسرے منسٹرز اور ممبرز آف پارلیمنٹ بھی تشریف لائے۔ افسر صاحب جلسہ سالانہ نے وزیراعلیٰ اور ان کے وفد کے علاوہ آنے والے معزز مہمانوں کا تعارف پیش کیا۔ ویلکم ایڈریس مسٹر سنوسی ایس دین صاحب نے پیش کیا۔ آپ نے اپنے ایڈریس میں جماعت کے ماٹو "محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں" کا حوالہ دیتے ہوئے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور بتایا کہ آج احمدیہ جماعت ہی ہے جس کے جھنڈے تلے تمام اقوام کے لوگ جمع ہوسکتے ہیں۔

محترم امیر صاحب سیرالیون نے مرکزی مہمان کا تعارف کروایا اور سال 2008ء کی اہمیت کے بارے میں بتایا کہ ہمیں اس سال خدا کے حضور شکرانے کے طور پر مزید جھکنا چاہئے اور اپنی عبادتوں میں مزید ترقی کرنی چاہئے اور اپنی اطاعت کے معیار بلند کرنے چاہئیں۔

مرکزی مہمان مکرم مولانا خلیل احمد مبشر صاحب نے اہل سیرالیون اور خصوصاً جماعت احمدیہ سیرالیون کو حضور انور ایدہ اللہ کی جانب سے السلام علیکم کا تحفہ پہنچایا۔ جس کا احباب جماعت نے نہایت گرم جوشی سے جواب دیا۔ آپ نے سیرالیون کے ساتھ اپنی جذباتی وابستگی کا بھی ذکر فرمایا۔

اس کے بعد صدر مملکت کے نمائندہ وزیراعلیٰ جنوبی صوبہ نے خطاب کیا۔ آپ نے اپنے خطاب میں کہا کہ احمدیہ جماعت ایک بہت ہی آرگنائزڈ جماعت ہے۔ یہ جماعت خدا کی وحدانیت کے سائے تلے متحد ہے۔ احمدیہ جماعت کے اتحاد کی وجہ ان کی نیکی اور حضرت محمد ﷺ کی اتباع ہے۔ آپ نے مزید کہا کہ 1938ء میں جماعت اس ملک میں قائم ہوئی۔ اس وقت سے آج تک جماعت نے اشاعت دین، ایجوکیشن، طبی خدمات اور لوگوں کی معاشرتی زندگی کو بہتر بنانے میں نہایت اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے احمدیہ ریڈیو سٹیشن کا ذکر بھی کیا کہ اس کے ذریعہ ایک اچھے معاشرے کی بنیاد پڑ رہی ہے جس میں لوگوں کو تعلیم دی جارہی ہے کہ کس طرح پرامن طور پر ملک کی ترقی میں حصہ لینا ہے۔

آپ نے کہا کہ جماعت قرآن مجید کے تراجم کرکے اسے آسان فہم بھی بنارہی ہے۔ آپ نے صدر مملکت کی طرف سے پیغام دیتے ہوئے کہا کہ نئی گورنمنٹ کھلے دل سے جماعت کی ملک میں موجودگی کو پسند کرتی ہے اور ملک کی ترقی میں برابر حصہ دار سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت چاہتے ہیں کہ جماعت اپنے کاموں میں مزید توسیع کرے تاکہ ہم ملک میں ٹھہراؤ اور بہترین زندگی گزارنے والے بن سکیں۔

آخر پر پیراماؤنٹ چیف آف Bo (بو) جو کہ احمدی ہیں نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ مکرم امیر صاحب سیرالیون نے اختتامی دعا کروائی۔ اس طرح پہلا اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔

اس اجلاس میں وزیراعلیٰ جنوبی صوبہ، وزیراعلیٰ شرقی صوبہ، منسٹر آف سوشل ویلفیئر اینڈ ریلیجس افیئرز، ڈپٹی منسٹر آف ایجوکیشن، نمائندہ منسٹر آف پاور اینڈ انرجی، پراونشل سیکرٹری جنوبی صوبہ، نیشنل چیئر مین سیرالیون پیپلز پارٹی (اپوزیشن پارٹی) پیراماؤنٹ چیف محمد بانیاں ممبر آف پارلیمنٹ، پیراماؤنٹ چیف مانگے بورے ممبر آف پارلیمنٹ، نیشنل چیئر مین کونسل آف پیراماؤنٹ چیفس، اے آئی جی پولیس، لوکل یونٹ کمانڈر، میئر کینما سٹی کونسل، چیئر مین کینما ڈسٹرکٹ کونسل، چیف ایڈمنسٹریٹر کینما ڈسٹرکٹ کونسل، چیئر مین کونسل آف پرنسپلز ایسٹرن ریجن، نیشنل چیئر مین سیرالیون ٹیچرز یونین، ریورنڈ فادر فرانسس کیتھولک مشن، اے ایس پی دارو، ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن ساؤتھ، ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن ایسٹ کے علاوہ بہت سے ممبران پارلیمنٹ، 200 سے زائد اعلیٰ حکومتی عہدیداران، 25 پیراماؤنٹ چیفس، پیراماؤنٹ چیفس کے نمائندوں، قبائلی سرداروں اور بہت سے معزز لوگوں نے شرکت کی۔

پہلے اجلاس کے بعد مہمان خصوصی نے شاملین جلسہ کے ساتھ نماز جمعہ میں شرکت کی۔ خطبہ جمعہ مکرم مولانا خلیل احمد مبشر صاحب نے دیا۔ آپ نے دین کی آزادی مذہب وضمیر سے متعلق دلکش تعلیمات بیان فرمائیں۔ نماز جمعہ کے بعد تمام مہمانوں نے دوپہر کے کھانے میں شرکت کی۔

دوسرا اجلاس

دوسرا اجلاس مکرم مولانا خلیل احمد مبشر صاحب کی صدارت میں شروع ہوا۔ تلاوت قرآن مجید اور نظم کے بعد معزز مہمانوں میں سے وزیراعلیٰ شرقی صوبہ، منسٹر آف سوشل ویلفیئر اینڈ ریلیجس افیئرز، ڈپٹی منسٹر آف ایجوکیشن اور نمائندہ منسٹر آف پاور اینڈ انرجی نے حاضرین جلسہ سے خطاب کیا۔ وزیراعلیٰ ایسٹرن صوبہ نے اپنے خطاب میں جماعت کی تعلیم کے میدان میں خدمات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بہت سے ڈاکٹرز، وکیل، منسٹرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں خدمات سرانجام دینے والے فعال لوگ احمدیہ سکولوں سے ابتدائی تعلیم پانے والے ہیں۔ احمدیہ سکولوں کا طرہ امتیاز ہے کہ وہاں طلباء کی بنیادی توجہ پڑھائی کی طرف ہوتی ہے۔ آپ نے خدمت خلق کے میدان میں جماعتی خدمات کا بھی مختصر تذکرہ کیا اور احمدیہ کلینکس کی سروسز کو سراہا۔

منسٹر آف سوشل ویلفیئر اینڈ ریلیجس افیئرز نے اپنے خطاب میں کہا کہ احمدیہ جماعت انصاف کے ساتھ اشاعت دین کررہی ہے۔ آپ نے کہا جماعت احمدیہ نے غیر عربوں کے لئے قرآن کے تراجم مہیا کئے۔

ڈپٹی منسٹر ایجوکیشن جو کہ منسٹر آف ایجوکیشن کی نمائندگی بھی کررہے تھے نے اپنے خطاب میں ایک دفعہ پھر جماعت کی ایجوکیشن کے میدان میں خدمات کا ذکر کیا اور شکریہ ادا کیا۔ آپ نے کہا کہ احمدیہ سکولوں کا یہ امتیاز ہے کہ ہمارے ہاں بلاامتیاز مذہب وملت ہر خاص و عام کو تعلیم دی جاتی ہے۔

ڈپٹی منسٹر ایجوکیشن نے اپنی تقریر کے بعد دوران سال تعلیمی میدان میں امتیاز پانے والے طلباء اور اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے سکولوں میں انعامات تقسیم کئے گئے۔ امتیاز پانے والوں کو سند امتیاز کے علاوہ نقد انعام بھی دیا گیا۔

نمائندہ منسٹر پاور اینڈ انرجی نے اپنے خطاب میں کہا کہ وہ صبح سے مختلف تقاریر سن رہی ہیں وہ جماعت کے نظام اور باتوں سے بہت متاثر ہیں اس لئے وہ آج سے جماعت میں شمولیت کا اعلان کرتی ہیں۔

اس سیشن میں کل تین تقاریر ہوئیں۔ جن میں مولوی المامی احمد سیسے نے حضرت مسیح موعود کا دعویٰ اور آپ کی صداقت کے دلائل کے موضوع پر تقریر کی۔

مکرم جمال الدین محمود صاحب نے نظام خلافت کے موضوع پر سیر حاصل تقریر کی اور نظام خلافت کی برکات کا ذکر کیا۔

پیراماؤنٹ چیف محمد بانیاں ممبر آف پارلیمنٹ جو کہ خدا کے فضل سے احمدی ہیں اور لندن جلسہ میں بھی ایک دفعہ شمولیت کرچکے ہیں نے دعا اور نصرت الٰہی کے بارے میں تقریر کی۔ آپ خدا کے فضل سے احمدیہ سکول کے پڑھے ہوئے ہیں اور کیلاہوں ڈسٹرکٹ کی جماعتوں کے صدر بھی ہیں۔ دعا کے بعد یہ اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔

دوسرا دن

پہلا اجلاس

دوسرے دن کا پہلا اجلاس نو بجکر پینتالیس منٹ پر نائب امیر اول مکرم ڈاکٹر الحاج ادریس بنگورہ

صاحب کی صدارت میں شروع ہوا۔ تلاوت قرآن مجید اور نظم کے بعد نیشنل چیئرمین سیرالیون پیپلز پارٹی (اپوزیشن پارٹی) نے خطاب کیا۔ آپ نے اپنے خطاب میں جماعت کی دینی اور معاشرتی خدمات کا تفصیل سے ذکر کیا۔ آپ نے کہا کہ 1938ء میں جماعت نے پہلا پرائمری سکول کھول کر عیسائیت کی ترقیات کے سلسلہ پر بند باندھ دیا۔ آج دین حق جو ترقی سیرالیون میں کر رہا ہے وہ صرف اور صرف احمدیت کی مرہون منت ہے۔ تمام فرقوں میں سب سے منظم، فعال اور مومنوں کی فلاح اور مدد کرنے والا فرقہ احمدیہ ہے۔

اس سیشن میں پہلی تقریر مسٹر جے ایم تائلو نے کی آپ نے اپنی تقریر میں خلفاء راشدہ کے حالات زندگی پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

دوسری تقریر مسٹر ابراہیم سیسے صاحب نے کی آپ نے قدرت ثانیہ کے عنوان پر آیت استخلاف اور رسالہ الوصیت کے حوالہ سے تقریر کی۔

مکرم طاہر احمد عابد صاحب مربی سلسلہ کی تقریر کا عنوان ”خلیفہ خدا بناتا ہے“ تھا۔

مکرم معلم شیخو الفا کروما صاحب نے ”حضرت محمد ﷺ کی آخری زمانے کے بارے میں پیشگوئیاں اور سائنس کی رو سے ان کا مکمل ہونا“ کے عنوان پر بہت سی قرآنی پیشگوئیوں اور حدیث میں درج پیشگوئیوں کو جدید سائنس کی روشنی میں پورا ہونا ثابت کیا۔

دعا کے ساتھ یہ سیشن اپنے اختتام کو پہنچا۔

دوسرا اجلاس

نماز ظہر و عصر کے بعد دوسرے اجلاس کا آغاز ہوا۔ یہ اجلاس الحاج علیو ایس دین صاحب نائب امیر دوم کی صدارت میں شروع ہوا۔ تلاوت قرآن مجید اور نظم کے بعد مکرم معلم نورالدین سیسے صاحب نے حضرت مسیح موعود کا اللہ تعالیٰ سے عشق کے عنوان پر تقریر کی جس میں آپ نے مختلف واقعات کی روشنی میں حضرت مسیح موعود کا عشق الٰہی واضح کیا۔

دوسری تقریر مسٹر سنوسی ایس دین صاحب نے پیش کی۔ آپ نے دس شرائط بیعت اور ایک احمدی کی ذمہ داریاں کے موضوع پر بہت ہی پیارے انداز میں روشنی ڈالی۔

مکرم مسٹر سانڈی موجے صاحب پرنسپل ناصر احمدیہ سیکنڈری سکول نے اپنی تقریر میں خلفاء احمدیت کے کارہائے نمایاں کو اختصار سے بیان کیا۔ آپ نے مختلف خلافتوں کے دوران ہونے والے خدا تعالیٰ کے مسلسل انعامات کا بھی تفصیلی ذکر کیا۔

مسٹر اسماعیل نالو صاحب پرنسپل احمدیہ سیکنڈری سکول Bo (بو) نے نظام وصیت کا تعارف اور اس کی اہمیت کے عنوان پر تقریر کی۔ آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی تازہ تحریک کا بھی ذکر کیا کہ ہر جماعت کے 50 فیصد چندہ دہندگان کو جوبلی کے سال میں اس سکیم میں شامل ہونا چاہئے۔

اس کے بعد دعا ہوئی اور دعا کے بعد یہ اجلاس اختتام کو پہنچا۔

تیسرا دن

اختتامی اجلاس

یہ اجلاس دس بجے صبح مکرم مولانا سعید الرحمٰن صاحب امیر و مشنری انچارج سیرالیون کی صدارت میں شروع ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد مرکزی نمائندہ محترم خلیل احمد مبشر صاحب نے کی آپ نے ”خلیفہ کو خدا کی تائید و نصرت حاصل ہوتی ہے“ کے موضوع پر تقریر کی۔

بعدازاں انہوں نے ہی دوران سال یسرنا القرآن اور ناظرہ قرآن مکمل کرنے والوں اور مجموعی طور پر بہترین کارکردگی پیش کرنے والے ریجن میں انعامات تقسیم کئے۔ مہمان خصوصی نے اپنی طرف سے بعض عمر رسیدہ احمدیوں کو بھی انعامات دیئے جنہوں نے ادھیڑ عمر میں قرآن مجید پڑھنا سیکھا اور مکمل کیا ہے۔

اختتامی خطاب محترم امیر صاحب سیرالیون نے فرمایا۔ آپ نے اپنے خطاب میں اطاعت خلیفہ اور اطاعت نظام جماعت کے موضوعات پر سیر حاصل روشنی ڈالی۔ اپنے خطاب کے اختتام پر محترم امیر صاحب نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ جانے والوں کو آرام کے ساتھ سفر کی تلقین کی۔ آپ نے صد سالہ خلافت جوبلی کے حوالے سے اس جلسے کے کامیاب انعقاد پر سب حاضرین کو مبارکباد بھی دی۔ دعا کے ساتھ تین دن کا بابرکت دورانیہ اپنی برکتوں کو پھیلاتا ہوا اختتام پذیر ہوا۔

حاضری

اس جلسہ سالانہ میں نمائندہ صدر مملکت سیرالیون، وزراء مملکت، ممبران پارلیمنٹ، 25 پیراماؤنٹ چیفس، نمائندگان پیراماؤنٹ چیفس، چیفڈم سپیکرز، سیکشن چیفس، 200 سے زائد اعلیٰ حکومتی عہدیداران، قبائلی سردار، متعدد غیر از جماعت ائمہ کرام اور عیسائی لیڈروں نے شرکت کی۔

گزشتہ سال جلسہ سالانہ کی حاضری 12300 سے زائد تھی۔ جبکہ امسال جلسہ سالانہ کے موقع پر حاضری 14000 سے زائد رہی۔ جو کہ ایک ریکارڈ ہے۔ یہ بھی صد سالہ خلافت جوبلی کا ایک بابرکت پھل ہے۔ جلسہ میں 12 ریجنز کی 375 جماعتوں نے شرکت کی۔

جلسہ میں 3000 نومبائعین نے بھی شرکت کی۔

اس جلسہ میں 1200 سے زائد غیر احمدی احباب نے بھی شرکت کی۔

لجنہ اماء اللہ کا اجلاس

دوسرے دن کے دوسرے اجلاس میں خواتین اور مردوں کے الگ الگ اجلاسات ہوئے۔ خواتین کے اجلاس کی صدارت آنریبل مکرمہ سیف اللہ موجے ممبر آف پارلیمنٹ و نیشنل صدر لجنہ نے کی۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرمہ سلمہ کالوں صاحبہ نے تقریر کی جس میں شادی کے متعلق دینی احکامات کا ذکر کیا۔ مکرمہ حاجہ نالو صاحبہ نے اپنی تقریر میں شادی کے لئے ساتھی کے چننے کی دینی تعلیمات کے بارے میں بتایا۔ مکرمہ کروما صاحبہ نے خواتین مبارکہ کے حالات بتائے۔ آپ نے حضرت عائشہؓ کا ذکر کرتے ہوئے بتایا رسول اللہ نے فرمایا تھا کہ آدھا دین عائشہ سے سیکھو۔ لجنہ نے اختتامی خطاب کے لئے مکرم مولانا سعید الرحمٰن صاحب امیر جماعتہائے احمدیہ سیرالیون کو دعوت دی۔ محترم امیر صاحب نے پردہ کے اہتمام کے ساتھ یہ خطاب فرمایا۔ جس میں آپ نے صد سالہ جوبلی کے سال کے حوالے سے خلافت کی اہمیت اور برکات کا بھی تفصیلی ذکر کیا۔ دعا کے ساتھ یہ اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔ اجلاس کے اختتام پر مکرم امیر صاحب کے ارشاد پر محترمہ درزریں صاحبہ کی نگرانی میں صدر لجنہ کا انتخاب عمل میں آیا۔

مجلس سوال و جواب

جمعہ اور ہفتہ کی شب بعد از نماز مغرب وعشاء سوال و جواب کی مجلس کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں مکرم امیر صاحب سیرالیون اور مرکزی مہمان نے احباب کے سوالوں کے جوابات دیئے۔ جلسہ میں شمولیت کی بدولت 375 افراد کو قبول احمدیت کی توفیق ملی۔ بیعت کرنے والوں میں ایک پیراماؤنٹ چیف، منسٹر آف انرجی اینڈ پاور کی نمائندہ، میامباڈسٹرکٹ محکمہ زراعت کے آفیسر، ڈپٹی چیف امام سیرالیون آرمی بھی شامل ہیں۔

جلسہ کے آغاز سے قبل ٹیلی ویژن اور اخبار کے ذریعہ لوگوں کو جلسہ کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ جلسہ کے پہلے دن کی کارروائی 3 ریڈیو سٹیشنز کے ذریعہ براہ راست نشر ہوئی۔ جبکہ مقامی ٹیلی ویژن نے خبروں میں بھی اس کی خبر دی۔ اس کے علاوہ ایک ڈاکومنٹری پروگرام بھی بنایا گیا ہے۔ جس کے لئے ٹی وی والوں نے ہمارے ہیڈ کوارٹر آ کر مکرم مولانا خلیل احمد مبشر صاحب کا انٹرویو ریکارڈ کیا ہے جس میں جماعت کے بارے میں سوالات کئے گئے اور پھر جلسہ کی ویڈیو پیش کی گئی۔

جلسہ کے موقع پر بک سٹال کا بھی اہتمام کیا گیا۔ جہاں جماعتی کتب رکھی گئی تھیں۔ اسی طرح امسال شائع ہونے والا جماعت احمدیہ کا جوبلی کیلنڈر بھی رکھا گیا۔ جس میں حضرت مسیح موعود اور سب خلفاء کی تصاویر شائع کی گئی ہیں۔ جلسہ کے موقع پر مرکزی و مقامی لٹریچر تقریباً 1000 ڈالر کا فروخت ہوا۔

جلسہ کے دوسرے دن بعد نماز عشاء ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت احمدیہ سکولز کے پرنسپلز، ہیڈ ٹیچرز و ٹیچرز کا ایک اہم اجلاس ہوا۔ جس میں محترم مولانا سعید الرحمٰن صاحب امیر جماعت سیرالیون نے بطور چیئرمین شرکت کی۔ اس میٹنگ میں سکولوں کے رزلٹ اور کارکردگی کے بارے میں تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس اجلاس میں 200 سے زائد اساتذہ نے شرکت کی۔

جلسہ میں ہمسایہ ملک گنی کناکری جو کہ سیرالیون کے ماتحت ہے سے مربی سلسلہ گنی کناکری کی سربراہی میں 9 رکنی وفد نے شرکت کی۔

جلسہ کے اگلے روز جلسہ کے افسران کی میٹنگ ہوئی۔ جس میں جلسہ کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا اور جلسہ کے دوران ہونے والی بعض غلطیوں کی نشاندہی کی گئی۔ ان تجاویز کو سرخ کتاب میں لکھا گیا تا کہ آئندہ سال ان سے بچا جاسکے۔

اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ سیرالیون کو خلافت جوبلی کے سال میں پہلے سے بڑھ کر ترقیات سے نوازے اور جماعت کی تربیت کے لئے مزید پروگرام کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

نواب آف کالاباغ

ملک امیر محمد خان

ملک امیر محمد خان جو نواب کالاباغ کے نام سے زیادہ معروف ہیں۔ مغربی پاکستان کے سابق گورنر تھے۔

وہ 20 جون 1910ء کو کالاباغ کے مقام پر پیدا ہوئے۔ انہوں نے پہلے لاہور اور پھر آکسفورڈ یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔

نواب کالاباغ کا شمار ملک کے بڑے بڑے جاگیرداروں میں ہوتا تھا۔ انہوں نے اپنی زمینوں سے زیادہ سے زیادہ زرعی پیداوار بڑھانے کے سلسلے میں کاشتکاری کے جدید طریقوں اور آکسفورڈ کی تعلیم سے فائدہ اٹھایا۔

1951ء میں وہ صوبائی مجلس قانون ساز کے رکن منتخب ہوئے۔ 1958ء کے مارشل لاء کے نفاذ کے بعد جب ملک میں زرعی اصلاحات نافذ ہوئیں تو انہوں نے اپنی زرعی جائیداد میں سے بائیس ہزار ایکڑ سے زیادہ کی زمین زرعی کمیشن کے سپرد کر دی۔

9 دسمبر 1958ء کو وہ پاکستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کے چیئرمین مقرر کئے گئے۔ اس حیثیت میں انہوں نے ملک کے اقتصادی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد کروایا۔ 11 جولائی 1959ء کو انہیں خوراک و زراعت کمیشن کا چیئرمین اور 12 اپریل 1960ء کو مغربی پاکستان کا گورنر مقرر کیا گیا۔

نواب کالاباغ ملک امیر محمد خان اعلیٰ تنظیمی صلاحیتوں کے مالک تھے۔ انہوں نے ہر کام نہایت ایمانداری اور جانفشانی سے انجام دیا۔

ستمبر 1966ء میں وہ مغربی پاکستان کی گورنری سے مستعفی ہوگئے۔ 26 نومبر 1967ء کو انہیں گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 89974 میں قانتہ طاہر

زوجہ طاہر احمد سراء قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 29-08-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند -/18000 روپے (2) طلائی زیور مالیتی -/92000 روپے (3) نقد رقم -/20000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ قانتہ طاہر۔ گواہ شد نمبر 1 طاہر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 محمد رئیس طاہر

مسل نمبر 89975 میں عقیلہ روحی

بنت رانا انوار الحق قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 24-09-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور بوزن 1/2 تولہ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عقیلہ روحی۔ گواہ شد نمبر 1 محمد صادق طیب وصیت نمبر 33618۔ گواہ شد نمبر 2 نعمان احمد وصیت نمبر 38042

مسل نمبر 89976 میں شازیہ نفیس

زوجہ نفیس احمد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 20-6-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور مالیتی -/32000 روپے (2) حق مہر بذمہ خاوند -/30000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شازیہ نفیس۔ گواہ شد نمبر 1 عدیل شہزاد۔ گواہ شد نمبر 2 تنویر احمد

مسل نمبر 89977 میں مریم صدیقہ

بنت منور احمد قوم بھوپال پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر شرقی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 24-9-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور بوزن 1 تولہ 8 ماشے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مریم صدیقہ۔ گواہ شد نمبر 1 جمیل احمد وصیت نمبر 33547۔ گواہ شد نمبر 2 محمد صادق طیب

مسل نمبر 89978 میں توصیف احمد

ولد چوہدری محمد اسلم قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 15-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ توصیف احمد۔ گواہ شد نمبر 1 شریف احمد علوی۔ گواہ شد نمبر 2 چوہدری محمد اسلم

مسل نمبر 89979 میں ارفع شہناز

بنت خالد محمود قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 25-09-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ارفع شہناز۔ گواہ شد نمبر 1 شریف احمد علوی۔ گواہ شد نمبر 2 خالد محمود

مسل نمبر 89980 میں ولید احمد

ولد چوہدری منور احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد شرقی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 20-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ولید احمد۔ گواہ شد نمبر 1 چوہدری منور احمد۔ گواہ شد نمبر 2 برکات احمد

مسل نمبر 89981 میں میر مبرور احمد

ولد میر مظفر احمد قوم میر پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد شرقی بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 22-06-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ میر مبرور احمد۔ گواہ شد نمبر 1 میر مظفر احمد۔ گواہ شد نمبر 2 خواجہ برکات احمد

مسل نمبر 89982 میں شاہجہان احمد

ولد ظہور احمد (مرحوم) قوم کشمیری پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ناصر آباد شرقی ربوہ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 15-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ شاہجہان احمد۔ گواہ شد نمبر 1 محمد افضل وڑائچ۔ گواہ شد نمبر 2 خواجہ برکات احمد

مسل نمبر 89983 میں عبدالغفار ناز

ولد میاں احمد دین قوم بُھٹہ پیشہ مزدوری عمر 59 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 203 ر ب مانانوالہ فیصل آباد بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 24-09-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) مکان برقبہ اڑھائی مرلے مالیتی -/500000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1800 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ عبدالغفار ناز۔ گواہ شد نمبر 1 حکیم محمود احمد معلم سلسلہ۔ گواہ شد نمبر 2 سعید احمد بٹ

مسل نمبر 89984 میں نسیم احمد سیفی

